MONSANTO
BUSINESS CONDUCT OFFICE

# امریکی فارن کرپٹ پریکٹسز ایکٹ
# اور دیگر بدعنوانی مخالف قوانین کی تعمیل

## پالیسی

Monsanto اپنا کاروبار قابل اطلاق قوانین و ضوابط، بشمول امریکی فارن کرپٹ پریکٹسز ایکٹ ("FCPA") اور اس سے ملتے جلتے دیگر ممالک کے رشوت ستانی مخالف قوانین، بشمول تنظیم برائے معاشی باہمی تعاون و ترقی (OECD) اور امریکی ریاستوں کی تنظیم (OAS) کی اجتماعات پر نافذ العمل قوانین کے مطابق انجام دے گا۔ اس پالیسی کے مستوجب سبھی افراد کو، جیسا کہ اوپر ذکر کیا گیا، Monsanto کے لئے کوئی معاہدہ، رعایت یا دیگر جانبدارانہ برتاؤ حاصل کرنے کے لئے کسی بھی "غیر ملکی اہلکار"[1] کو بلا واسطہ یا بالواسطہ تیسرے فریق کی معرفت کوئی بھی رشوت، نذرانہ یا مالیت والی دوسری چیز پیش کرنے، ادا کرنے، اس کا وعدہ کرنے یا اس کی اجازت دینے سے ممنوع قرار دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ، اس طرح کے سبھی افراد سے ان قوانین کی تعمیل یقینی بنانے کے لئے وضع کردہ Monsanto کی پالیسیوں اور طریق کار پر کاربند رہنے کا تقاضہ کیا جاتا ہے۔ آخری بات، Monsanto اکاؤنٹنگ اور ریکارڈ سنبھال کر رکھنے کے لئے FCPA کے التزامات کی تعمیل کرے گا۔ Monsanto قطعی کتابیں اور ریکارڈز تیار کرنے اور سنبھال کر رکھنے کے لئے Monsanto کے کاروباری شراکت داروں سے حاصل شدہ یا ان کے ذریعہ تیار کردہ بلوں اور دیگر دستاویزات پر انحصار کرتا ہے۔

## گنجائش

اس پالیسی کا اطلاق Monsanto کی جانب سے کاروباری شراکت داروں کے ذریعہ انجام دیئے گئے سبھی اعمال پر، Monsanto کے سبھی افسران، ڈائرکٹرز، اور کل وقتی و جزء وقتی ملازمین پر ہوتا ہے۔ علاوہ ازیں، اس پالیسی کا اطلاق Monsanto کے زیر اختیار سبھی ملحق اداروں اور مشترکہ پیشقدمیوں پر ہوگا۔

Monsanto کی نمائندگی کرنے والے سبھی ایسے کاروباری شراکت داران (بشمول صلاح کاران، ایجنٹس، سیلز کے نمائندے، تقسیم کاران، اور خود مختار ٹھیکیداران)، جو "کمپنی" کی جانب سے "غیر ملکی اہلکار" کے ساتھ تعامل کرسکتے ہیں اس پالیسی کے سبھی قابل اطلاق حصوں کی پیروی کریں گے۔

## گفتگو

FCPA کاروبار حاصل کرنے یا برقرار رکھنے کے لئے "غیر ملکی اہلکاران" کو ادائیگی -- یا یہاں تک کہ ادائیگی کی پیشکش یا وعدہ -- کو غیر قانونی قرار دیتا ہے۔ کاروبار حاصل کرنے یا برقرار رکھنے یا Monsanto کے حق میں کچھ معاملے پر نامناسب طریقے سے اثر و رسوخ ڈالنے کے مقصد کے تحت سرکاری اہلکار کو بلا واسطہ یا

---

[1] "غیر ملکی اہلکار" میں ایسے سبھی محکمے یا ایجنسی شامل ہیں جو امریکی حکومت کی نہیں ہیں، خواہ وہ حکومت کی انتظامیہ، قانون ساز یا عدلیہ کی شاخوں میں ہوں اور خواہ وہ ملکی، ریاستی یا مقامی سطح (یا ان کے مساوی) پر ہوں۔ یہ اصطلاح جزوقتی کارکنان، بلامعاوضہ کارکنان، "سرکاری حیثیت سے کام کرنے والا" کوئي فرد، اور شاہی خاندان کے کسی فرد کا احاطہ کرتی ہے۔ ساتھ ہی "اہلکار" کی اصطلاح میں سیاسی پارٹیاں، پارٹی کے اہلکاران، اور سیاسی دفتر کے امیدواروں کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ مزید برآں، اہلکاروں میں سرکاری بین الاقوامی تنظیموں کے ملازمین جیسے اقوام متحدہ ("U.N.")، فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن آف دی U.N. ("FAO")، انٹرنیشنل کاٹن ایڈوائزری کمیٹی ("ICAC") اور انٹرنیشنل فوڈ پالیسی ریسرچ انسٹی ٹیوٹ شامل ہے۔ المختصر، "غیرامریکی سرکاری اہلکار" سرکاری تعلیمی اداروں اور حکومت کی زیر ملکیت یا زیر اختیار کمپنیوں کے ملازمین کا احاطہ کرتی ہے، خواہ یہ کمپنیاں نجی ملکیت والی کارپوریشنوں کے طور پر چلائی جارہی ہوں۔ متعدد معاملات میں، ان افراد کو ان کی اپنی حکومتوں کے ذریعہ اہلکار نہیں مانا جاتا، اور انہیں کسی دیگر نجی کاروباری فرد کے طور پر مانا جاسکتا ہے۔، البتہ FCPA کے مقاصد کیلئے، یہ قانونی طور پر غیر متعلق چیز ہے کہآیا کسی فرد کو حکومت کے ذریعہ کسی معاملے میں اہلکار تصور کیا جاتا ہے۔ امریکی قانون کی تعریف کے تحت

بالواسطہ تجارتی شریک کی معرفت کسی بھی ادائیگی، بشمول حد سے زیادہ تفریح یا تحائف کو رشوت مانا جاسکتا ہے اور اس کے نتیجے میں قانون کی خلاف ورزی ہوسکتی ہے۔

FCPA سرکاری اہلکار کو بالواسطہ کی گئی ادائیگیوں نیز بلا واسطہ کی گئی ادائیگیوں کے لئے بھی جوابدہی کا تعین کرتا ہے۔ کمپنی یا انفرادی افسران یا ملازمین کاروباری شریک، جیسے سیلز کے نمائندے، صلاحکار، ایجنٹ، ٹھیکیدار، ذیلی ٹھیکیدار، مشترکہ پیشقدمی کے شریک کے ذریعہ کی گئی ادائیگیوں کے لئے جواب دہ ہوسکتے ہیں، اگر کمپنی اس کاروباری شریک کو ادائیگی کرتی ہے یا دیگر مالیت منتقل کرتی ہے اور اس کو یہ معلوم ہوجائے یا یہ معلوم ہونے کی وجہ موجود ہو کہ وہ ادائیگی کلی یا جزوی طور پر کسی "سرکاری اہلکار" کو نامناسب ادائیگی کرنے کے لئے استعمال ہوسکتی ہے۔ (یہ بات اس وقت بھی صادق آتی ہے جب کاروباری شریک بذات خود FCPA کا مستوجب نہ ہو۔) جوابدہی اس وقت پیدا ہوتی ہے کمپنی ان حقائق سے واقف ہو جو اس امر کے "اعلی امکان" کی تجویز کرتے ہوں کہ کاروباری شریک کمپنی سے حاصل شدہ مالیت کلی یا جزوی طور پر بدعنوانی والے مقصد کے لئے بیرونی اہلکار کو پہنچائے گا۔ اسی طرح، Monsanto کو کاروباری شریکوں کے ساتھ محتاط انداز میں تعلقات استوار کرنا چاہیے اور خود تسلی کرلینی چاہیے کہ کاروباری شراکت داران رشوت ستانی مخالف سبھی قابل اطلاق قوانین کی تعمیل کریں گے۔

جیسا کہ بیان کیا گیا، بعض حالات میں تحائف اور تفریح، اور غیر ملکی اہلکاروں کے نام پر ہونے والے دیگر اخراجات سے FCPA اور دنیا بھر میں رشوت ستانی مخالف دیگر قوانین کی خلاف ورزیوں کا ارتکاب ہوسکتا ہے۔ اسی طرح، Monsanto کے سبھی ڈائرکٹرز، ملازمین اور نمائندوں کو تحائف، کھانے، تفریح اور سفر کی فراہمی اور باز ادائیگی سے متعلق کمپنی کی پالیسیوں (کارپوریٹ کنٹرولر کی پالیسی نمبر 85001.00) کی تعمیل کرنا لازم ہے۔ کاروباری شراکت داروں کو Monsanto کی جانب سے غیر ملکی اہلکاروں کو تحائف یا تفریح فراہم کرنے کی اجازت نہیں ہے جب تک انہیں یہ کام کرنے کے لئے تحریری طور پر اجازت نہ ملی ہو۔

کمپنی کی جانب سے کام کرنے والے کاروباری شراکت داروں سے سرکاری اہلکار کے ذریعہ معمول کے سرکاری عمل میں تیزی لانے یا کارکردگی محفوظ کرنے کے لئے اس اہلکار کو سہولت رسانی والی یا تیزگام کرنے والی ادائیگیاں کرنے پر پوچھا جاسکتا ہے۔ اس طرح کی ادائیگیوں سے مقامی قانون کی خلاف ورزی نہیں ہوسکتی ہے۔ اسی طرح، Monsanto کی پالیسی سہولت رسانی والی ادائیگیوں کی پیشکش کرنے یا ادائیگی کرنے کو ممنوع قرار دیتی ہے۔ اس طرح کی ادائیگی کے لئے کوئی بھی درخواست مسترد کردینی چاہیے اور اس کی اطلاع فوری طور پر اپنے ریجنل ورکنگ گروپس کو یا کاروباری شراکت داروں کے مدنظر، آپ کے پرائمری Monsanto کے کاروباری رابطے کو دینی چاہیے۔

کچھ حالات میں، اغوا برائے تاوان یا دھمکی کے مطابق "صحت و سلامتی" سے متعلق ادائیگیاں FCPA میں معمولی استثناء کے تحت اہل قرار دی جاسکتی ہیں۔ FCPA کی قانون سازی کی تاریخ اغوا برائے تاوان کی نشاندہی FCPA کی خلاف ورزیوں سے مدافعت کے بطور کرتی ہے؛ تاہم، یہ صرف ہنگامی صورتحال میں دستیاب ہے، جہاں وہ ادائیگی اس شخص کی صحت و سلامتی کو لاحق فوری خطرے یا املاک کی فوری تخریب کو کم کرسکے گی۔ اغوا برائے تاوان کے مدافعت کا جواز یہ ہے کہ اس طرح کی ہنگامی صورتحال میں، ادائیگی کرنے والے فرد میں رشوت دینے کے ناجائز ارادے کا فقدان ہوگا۔ جہاں کسی شخص کی جسمانی صحت یا سلامتی کو خطرہ لاحق ہو وہاں پر "سرکاری اہلکاران" کو کی گئی ادائیگیوں سے Monsanto کی بدعنوانی مخالف پالیسی کی خلاف ورزی نہیں ہوتی ہے۔ تاہم، وہ دھمکی قابل اعتبار ہونی چاہیے۔ صحت و سلامتی سے متعلق سبھی ادائیگیوں کی اطلاع جنرل قونصل، کارپوریٹ کنٹرولر، ریجنل لاء لیڈ اور ریجنل فائنانس لیڈ کو ادائیگی کے بعد ایک (1) کاروباری دن کے اندر دینی چاہیے۔

غیر ملکی اہلکاروں کو نامناسب ادائیگیاں کرنے والے ڈائرکٹرز، ملازمین یا کاروباری شراکت داران کمپنی کے ذریعہ مناسب انضباطی کارروائی، نیز قابل اطلاق قوانین کی خلاف ورزی کرنے کے قانونی عواقب کے بھی مستوجب ہیں۔ انضباطی کارروائی ایسے فرد کے خلاف کی جاسکتی ہے جو:

- جانتا ہے کہ اس پالیسی کی خلاف ورزی کرنے پر دوسروں کے ذریعہ باز پرس ہوتی ہے اور بزنس کنڈکٹ آفس یا اپنے ریجنل ورکنگ گروپ کو اس کی اطلاع دینے میں ناکام رہتا ہے؛ یا
- جانتا ہے کہ اس کے یا دوسرے ملازمین کے ذریعہ اس پالیسی کی خلاف ورزی ہوئی ہے اور بزنس کنڈکٹ آفس یا اپنے ریجنل ورکنگ گروپ کو اس کی اطلاع دینے میں ناکام رہتا ہے۔

آڈٹ

Monsanto کا انٹرنل آڈٹ ڈپارٹمنٹ اس پالیسی کی تعمیل کا آڈٹ کرے گا۔